اخبار الجامعہ

مرزا عمران حیدر

جامعة لاهور الاسلامية کی سرگرمیاں

جامعہ لاہور الاسلامیہ (جامعہ رحمانیہ) ایک تحریک اور ایک فکر کا نام ہے جس کے بنیادی مقاصد میں سے ایک مقصد یہ ہے کہ اسلام کو جدید تقاضوں کے مطابق عملی صورت میں پیش کیا جائے جس کے لئے علماء کے ایک وسیع وعریض نیٹ ورک کی ضرورت ہے جو اسلامی نظام کو عمل کے پیراہن سے آراستہ کرنے کی صلاحیت کے حامل ہوں۔ جو یہ بات ثابت کرسکیں کہ اسلام کا مذہبی، معاشی، معاشرتی، تمدنی، ثقافتی اور اخلاقی نظام کسی بھی دوسرے نظام کے اختلاط کے بغیر ایک کامل واکمل حیثیت رکھتا ہے۔ اسلام کو کسی بھی شعبۂ ہائے زندگی میں غیروں کی محتاجی کا سامنا نہیں ہے۔ جامعہ لاہور الاسلامیہ ایسے ہی علماء کی تیاری چاہتا ہے جو خدمتِ دین کے نام پر اُمت کو منتشر کرنے کی بجائے خالصتاً کتاب وسنت پر جمع کریں۔ جامعہ اپنے اس مقصد کے حصول کے لئے گاہے بگاہے پروگرام مرتب کرتا رہتا ہے۔ ماضی قریب میں شروع ہونے والے کچھ پروگرام حسبِ ذیل ہیں:

متخصّصین کی کلاس کا اجرا: جون، جولائی کے مہینوں میں جامعہ میں دورۂ تدریبیہ کا اہتمام ہوا، جو علماء کرام کو تخصص کے درجے کی تعلیم دینے کے لئے آئندہ سال، یکسالہ کلاس شروع کرنے کی سلسلے کی پہلی کڑی تھی۔ اس سلسلے کی دوسری کڑی کے طور پر دفتر محدث میں ۴/اگست سے تخصّص کی کلاس شروع ہوچکی ہے۔

یہ کلاس مدیر الجامعہ حافظ عبدالرحمٰن مدنی حفظہ اللہ لے رہے ہیں۔ روزانہ کسی اہم علمی موضوع پر بعد نماز مغرب دوگھنٹوں کا اپنے موضوع پر سیر حاصل لیکچر ہوتا ہے جس کے آخر میں ۱۵ منٹ سوال وجواب کے لئے مختص ہوتے ہیں۔ ان کے علاوہ اب تک ڈاکٹر خادم حسین، استاذ جامعہ اُمّ القریٰ مکہ مکرمہ...... محترم ڈاکٹر اکرم چوہدری، ڈین فیکلٹی اورینٹل سائنسز، پنجاب یونیورسٹی...... مولانا رمضان سلفی، مدیر مجلس التحقیق الاسلامی...... محمد عطاء اللہ صدیقی، شیخ آصف افغانی اور مولانا عبدالوحید مدنی متعدد لیکچر دے چکے ہیں۔ اس کلاس کے منتظمین میں قاری ابراہیم میر محمدی، مولانا محمد رمضان سلفی اور حافظ حسن مدنی شامل ہیں۔ اب تک ہونے والے لیکچروں میں، تفسیر قرآن کے اصول، تفسیر کے سنی اور بدعی طریقے، شریعت میں عقل کا مقام، لغت کی حیثیت، حجیتِ حدیث، قرآن وسنت کے معاون علوم، فتنۂ انکار حدیث، عقل پرستی کا فساد، اسلام میں اختلاف کی ابتداء، خوارج ومعتزلہ کی حقیقت اور دور جدید میں ان کے مظاہر، ہندوستان میں علمی ارتقاء وغیرہ کے موضوعات پر بڑے مدلل لیکچرز ہوئے۔ علمی نرسری کی آبیاری کا یہ

سلسلہ ہنوز جاری وساری ہے۔

تحریری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے ان لیکچروں سے ہٹ کر بھی پروگرام تشکیل دیا گیا ہے جس کے ابتدائی مرحلے کے طور پر تمام طلباء کو محدث اور دیگر علمی رسائل مہیا کئے گئے تا کہ وہ ان رسائل کا بنظر عمیق مطالعہ کر کے ان کا اپنے الفاظ میں اختصار کریں۔اس ابتدائی مشق کے بعد بڑی کتابوں سے استفادہ کرنے کی صلاحیت نکھرے گی۔

کمپیوٹر کلاس: دورِ حاضر میں عصری تقاضوں سے انحراف ممکن نہیں۔اس وقت کمپیوٹر اپنی اہمیت تسلیم کرواچکا ہے اور دنیا کے ہر شعبہ میں چھاتا چلا جارہا ہے۔ان حالات میں دینی ادارے اس سے استغنا نہیں برت سکتے اور لامحالہ دینی میدان میں بھی اس کے اثرات واضح ہیں۔جامعہ نے اپنے طلبا کے لئے کمپیوٹر کی تعلیم کا اہتمام عرصہ ۵ سال سے کیا ہوا ہے۔اور میٹرک پاس تمام طلبہ کے لئے کمپیوٹر کی تعلیم لازمی ہے۔الحمدللہ اس عرصے میں ایسے تمام طلبہ یہ کورس کر چکے ہیں۔ہر سال کی طرح اس سال بھی کمپیوٹر کی کلاس کا آغاز ہو چکا ہے۔جامعہ لاہور الاسلامیہ کی ویب سائٹ بھی عنقریب منظر عام پر آرہی ہے۔

شعبۂ عصری علوم: جامعہ لاہور الاسلامیہ خالصتاً ایک دینی ادارہ ہے جو دینی علوم کی تعلیم وترویج کے لئے مختص ہے۔اس کے ساتھ ساتھ طلباء اور علماء کو معاشرے کا فعال رکن بنانے کے لئے عصری علوم کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے تا کہ حاملین علم نبوت نظام تعلیم کی تقسیم کی بدولت علم کے کسی بھی میدان میں دوسروں سے بھی پیچھے نہ رہیں۔جامعہ میں کلاس ششم سے لے کر بی اے تک تعلیم کا باقاعدہ انتظام عصر کے بعد موجود ہے۔جس کے تحت طلباء ہر سال بورڈ اور یونیورسٹی کے امتحان میں شریک ہوتے ہیں اور ممتاز نمبروں سے کامیابی حاصل کرتے ہیں۔

۲۹/ اگست ۲۰۰۱ء کو پنجاب یونیورسٹی کے تحت منعقد ہونے والے بی اے ۲۰۰۱ء امتحانات کے رزلٹ کا اعلان ہوا۔اس سال جامعہ کے دس طلبہ نے اس میں حصہ لیا جس میں آٹھ طلباء اس امتحان میں کامیاب ہوئے۔اس طرح طلبا کی کامیابی کا تناسب ۸۰ فیصد رہا۔الحمدللہ ان میں سے ۴ طلبہ نے فرسٹ ڈویژن حاصل کی۔ایک دینی ادارے میں ان امتحانات میں خوش کن رزلٹ واقعتاً طلباء اور اساتذہ کی محنت کا عکاس ہے۔کامیاب ہونے والے طلباء کا رزلٹ حسبِ ذیل ہے:

نام	رول نمبر	حاصل کردہ نمبر		نام	رول نمبر	حاصل کردہ نمبر
محمد اکرم شاہد	۴۷۳۴۶	۵۴۸	......	سیف اللہ	۴۷۳۴۱	۵۲۸
طیب نذیر	۴۸۱۴۴	۵۲۶	......	حماد فاروق	۴۴۵۲۹	۴۸۷
مرزا عمران حیدر	۴۶۵۵۸	۴۷۷	......	حافظ محمد اکرم	۴۷۳۳۹	۴۷۰
عبدالرحمٰن عابد	۴۸۱۳۸	۴۶۵	......	کلیم اللہ	۴۸۱۴۰	۴۵۹